روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

سوموار 17 مارچ 2014ء 15 جمادی الاول 1435 ہجری 17/ امان 1393 ہش جلد 64-99 نمبر 62

## علم کی برتری

جب وفد ثقیف اسلام لایا تو آنحضرت ﷺ نے عثمان بن ابی العاصؓ کو ان کا سردار مقرر فرمایا۔ وہ قوم میں سب سے نوعمر تھے مگر ان کو علم دین اور قرآن سیکھنے کا بڑا شوق تھا اس لئے آپ نے انہیں سرداری عطا فرمائی۔

(سیرت ابن ھشام جلد 2 صفحہ 540 امر وفد ثقیف)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

**مطالعہ کی اہمیت** سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں کیونکہ علم ایک طاقت ہے اور طاقت سے شجاعت پیدا ہوتی ہے۔ جس کو علم نہیں ہوتا مخالف کے سوال کے آگے حیران ہو جاتا ہے‘‘۔

(ملفوظات جلد 4 ص 361)

ہماری جماعت میں سے بعض صاحب جو ہمارے دعویٰ اور دلائل سے کم واقفیت رکھتے ہیں۔ جن کو نہ بغور کتابیں دیکھنے کا اتفاق ہوا اور نہ وہ ایک معقول مدت تک صحبت میں رہ کر اپنے معلومات کی تکمیل کر سکے وہ بعض حالات میں مخالفین کے کسی اعتراض پر ایسا جواب دیتے ہیں کہ جو سراسر واقعہ کے خلاف ہوتا ہے اس لئے باوجود اہل حق ہونے کے ان کو ندامت اٹھانی پڑتی ہے۔

(ایک غلطی کا ازالہ۔ روحانی خزائن جلد 18 ص 206)

میں پھر پکار کر کہتا ہوں اور میرے دوست سن رکھیں کہ وہ میری باتوں کو ضائع نہ کریں اور ان کو صرف ایک قصہ گو یا داستان گو کی کہانیوں ہی کا رنگ نہ دیں، بلکہ میں نے یہ ساری باتیں نہایت دلسوزی اور سچی ہمدردی سے جو فطرتاً میری روح میں ہے کی ہیں۔ ان کو گوش دل سے سنو اور ان پر عمل کرو۔

(ملفوظات جلد اول ص 90)

**کشتی نوح کا بار بار مطالعہ** میں نے بارہا اپنی جماعت کو کہا ہے کہ تم نرے اس بیعت پر ہی بھروسہ نہ کرنا۔ اس کی حقیقت تک جب تک نہ پہنچو گے تب تک نجات نہیں۔ قشر پر صبر کرنے والا مغز سے محروم ہوتا ہے اگر مرید خود عامل نہیں تو پیر کی بزرگی اسے کچھ فائدہ نہیں دیتی۔ جب کوئی طبیب کسی کو نسخہ دے اور وہ نسخہ لے کر طاق میں رکھ دے تو اسے ہرگز فائدہ نہ ہوگا کیونکہ فائدہ تو اس پر لکھے ہوئے عمل کا نتیجہ تھا۔ جس سے وہ خود محروم ہے کشتی نوح کا بار بار مطالعہ کرو اور اس کے مطابق اپنے آپ کو بناؤ۔

(ملفوظات جلد دوم ص 541)

نومبائعین کو حضور نے فرمایا کہ ہماری کتابوں کو خوب پڑھتے رہو تا کہ واقفیت ہو اور کشتی نوح کی تعلیم پر ہمیشہ عمل کرتے رہا کرو اور ہمیشہ خط بھیجتے رہو۔

(ملفوظات جلد دوم ص 502)

**آئینہ کمالات اسلام** ایک اور کتاب ہے جو میں نے ان دنوں تالیف کی ہے اور وہ ان سب مذکورہ کتابوں پر سبقت لے گئی ہے اس کا نام دافع الوساوس ہے اور وہ ان لوگوں کے لئے حد درجہ نافع ہے جو (دین) کا حسن دکھانا اور مخالفوں کا منہ بند کرنا چاہتے ہیں۔

(روحانی خزائن جلد 5 ص 7)

**اسلامی اصول کی فلاسفی** جو شخص اس مضمون کو اول سے آخر تک پانچوں سوالوں کے جواب سنے گا۔ میں یقین کرتا ہوں کہ ایک نیا ایمان اس میں پیدا ہوگا اور ایک نیا نور اس میں چمک اٹھے گا۔

(روحانی خزائن جلد 10 ص 13,12)

## سب سے پہلے قرآن

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

’’خدا تعالیٰ جو مجھے بہشت میں اور حشر میں نعمتیں دے تو میں سب سے پہلے قرآن شریف مانگوں گا تا حشر کے میدان میں بھی اور بہشت میں بھی قرآن شریف پڑھوں، پڑھاؤں اور سناؤں‘‘۔

(تذکرۃ المہدی، جلد اوّل، صفحہ 246)

’’تلاوت تب مفید ہو سکتی ہے کہ علم ہو اور علم تب مفید ہو سکتا ہے جب عمل ہو‘‘۔

(حقائق الفرقان جلد 1 صفحہ 98)

مرسلہ: نظارت تعلیم القرآن و وقف عارضی)

☆......☆......☆

## مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ مریم شادی فنڈ ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

’’اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا‘‘

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تا کہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

☆......☆......☆

نظارت تعلیم

# رزلٹ انعامی سکالرشپس 2013ء

نظارت تعلیم کے انعامی سکالرشپس برائے سال 2013ء کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں میں سے انعامی سکالرشپس کیلئے کامیاب ہونے والے طلباء وطالبات کے نام درج ذیل ہیں۔

## صدیق بانی سکالرشپ پہلی پوزیشن (میٹرک)

| گروپ | نام طالب علم | ولدیت | بورڈ/ادارہ | حاصل کردہ نمبر (%) |
|---|---|---|---|---|
| سائنس | رابعہ طیب | طیب احمد امتیاز | فیڈرل بورڈ | 97.43% |
| جنرل | قرۃ العین | شیخ امتیاز احمد | فیصل آباد | 92.67% |

## صدیق بانی سکالرشپ و گولڈ میڈل پہلی پوزیشن (انٹرمیڈیٹ)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پری میڈیکل | باسم فراز | امتیاز احمد جامی | فیصل آباد بورڈ | 90.45% |
| پری انجینئرنگ | عمران حمید | عبدالحمید | بہاولپور بورڈ | 92.18% |
| جنرل | قرۃ العین | ظہور الدین بابر | فیصل آباد بورڈ | 88.09% |

## خورشید عطاء سکالرشپ دوسری پوزیشن (انٹرمیڈیٹ)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پری میڈیکل | نائمہ داؤد | داؤد احمد منصور | فیڈرل بورڈ | 90.45% |
| پری انجینئرنگ | مریم انعام | محمد انعام | گوجرانوالہ بورڈ | 87.55% |
| جنرل | مہرین | فصیح الدین | ملتان بورڈ | 87.91% |

## تیسری پوزیشن (انٹرمیڈیٹ)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پری میڈیکل | شانزے جمال | جمال الدین نور | فیصل آباد بورڈ | 88.82% | صادقہ فضل سکالرشپ |
| پری انجینئرنگ | عرشیہ عارف | عارف محمود | فیڈرل بورڈ | 86.91% | صادقہ فضل سکالرشپ |
| جنرل | حنا امین | محمد امین | گوجرانوالہ | 85.18% | خورشید عطاء سکالرشپ |

## صادقہ فضل سکالرشپ چوتھی پوزیشن (انٹرمیڈیٹ)

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پری میڈیکل | حافظہ فاریہ منصور | منصور احمد تاثیر | فیصل آباد بورڈ | 87.55% |
| پری انجینئرنگ | نمرہ شکیل | شکیل احمد | لاہور بورڈ | 79.73% |
| جنرل | طارق محمود | سردار خان | فیصل آباد بورڈ | 84.55% |

## میڈیکل سکالرشپس

یہ سکالرشپس صرف ان طلباء وطالبات کے لیے ہیں جن کا داخلہ MBBS میں ہو چکا ہے۔ جن طلباء و طالبات کے داخلہ جات MBBS میں ہو چکے ہیں صرف انہی کو یہ سکالرشپس ملتا ہے۔ پوزیشن بلحاظ نمبرز ہوتی ہے۔

| نام طالب علم | ولدیت | حاصل کردہ نمبر (%) | پوزیشن | ادارہ جہاں داخلہ ہوا ہے۔ | سکالرشپ |
|---|---|---|---|---|---|
| باسم فراز | امتیاز احمد جامی | 90.45% | اوّل | کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی | مرزا مظہر احمد میڈیکل سکالرشپ |
| نائمہ داؤد | داؤد احمد منصور | 90.45% | دوئم | راولپنڈی میڈیکل کالج | ڈاکٹر عبدالسمیع سکالرشپ |
| شانزے جمال | جمال الدین نور | 88.82% | سوئم | آرمی میڈیکل کالج | سندس باجوہ سکالرشپ |
| بدر احمد جمال | ڈاکٹر ادریس احمد | 81.09% | چہارم | شالامار میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج | سندس باجوہ سکالرشپ |
| ہبہ خالد | خالد محمود | 81.00% | ششم | لیاقت میڈیکل یونیورسٹی جامشورو | امۃ الکریم زیروی سکالرشپ |
| کنزہ ادریس | محمد ادریس | 80.82% | پنجم | لیاقت میڈیکل یونیورسٹی جامشورو | امۃ الکریم زیروی سکالرشپ |

# دیگر سکالرشپس

## خالدہ افضل سکالرشپ

یہ سکالرشپ دوسالہ بیچلرز کرنے والے طلباء وطالبات کے لیے ہے۔

| گروپ | نام طالبعلم | ولدیت | ادارہ | حاصل کردہ نمبر (%) | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| بیچلرز | انس احمد | مہر عبدالرحمان | پنجاب یونیورسٹی | 79.25% | مربی سلسلہ |
| بیچلرز | نعمان احمد | محمد شریف | اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور | 78.88% | |

## ملک مقصود احمد شہید (سرائے والا) سکالرشپ (برائے کامرس)

ایسے طلباء و طالبات جنہوں نے کسی منظور شدہ یونیورسٹی سے M.Com یا (B.Com Hons) چارسالہ کورس یا B.Com دوسالہ پروگرام پاس کیا ہو۔

| گروپ | نام طالبعلم | ولدیت | ادارہ | حاصل کردہ نمبر (%) |
|---|---|---|---|---|
| بی کام (دوسالہ) | عائشہ مبشر | مبشر احمد | پنجاب یونیورسٹی | 69.53% |
| بی کام (چارسالہ) | کامران | محمد ریاض | سرگودھا یونیورسٹی | 65.50% |
| ایم کام | کوئی درخواست موصول نہ ہوئی ہے۔ | | | |

## پروفیسر رشیدہ تسنیم خان سکالرشپ

ایسے طلباء وطالبات جنہوں نے کسی منظور شدہ ادارہ سے B.A پاس کیا ہو اور پاکستان میں کسی بھی منظور شدہ ادارہ میں ایم اے اردو، فارسی یا عربی میں کسی ایک میں داخلہ حاصل کیا ہو۔

| گروپ | نام طالب علم | ولدیت | ادارہ جہاں داخلہ ہوا ہے۔ | حاصل کردہ نمبر (%) |
|---|---|---|---|---|
| ایم اے عربی | مبارزہ فاروق | فاروق احمد | گورنمنٹ گرلز کالج ربوہ | 59.25% |
| ایم اے اردو | نعمان احمد خان | زبیر احمد خان | نمل یونیورسٹی | 60.88% |
| ایم اے فارسی | کوئی درخواست موصول نہ ہوئی ہے | | | |

## میاں عبدالحئی سکالرشپ

یہ سکالرشپ ان طلباء وطالبات کے لیے ہے جنہوں نے انٹرمیڈیٹ کے بعد BS کمپیوٹر سائنس یا BS ماس کمیونیکیشن میں داخلہ حاصل کیا ہو۔ موصولہ درخواستوں میں پہلی پوزیشن آنے والے طالبعلم/طالبہ کو دیئے جاتے ہیں۔

| گروپ | نام طالب علم | ولدیت | حاصل کردہ نمبر (%) | ادارہ جہاں داخلہ ہوا ہے۔ |
|---|---|---|---|---|
| ماس کمیونیکیشن | کوئی درخواست موصول نہیں ہوئی۔ | | | |
| کمپیوٹر سائنس | وقار احمد خان | حامد احمد خان | 71.55% | سرگودھا یونیورسٹی |

## مرزا غلام قادر شہید سکالرشپ

یہ سکالرشپ ان طلباء وطالبات کیلئے ہے جنہوں نے انٹرمیڈیٹ کے بعد BS کمپیوٹر سائنس میں داخلہ حاصل کیا ہو۔ موصولہ درخواستوں میں دوسری پوزیشن پر آنے والے طالبعلم/طالبہ کو سکالرشپس دیئے جاتے ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| کمپیوٹر سائنس | حسن احمد | نعیم احمد اعوان | | University of Central Punjab |

## عبدالوہاب خیر النساء سکالرشپ

یہ سکالرشپ صرف واقفین نو طلباء وطالبات کے لیے ہے جنہوں نے BS (چارسالہ) یا M.Sc کی ڈگری حاصل کی ہو۔

| گروپ | نام طالب علم | ولدیت | حاصل کردہ نمبر (%) | ڈگری/ ادارہ |
|---|---|---|---|---|
| ایم ایس سی | نازیہ ارشاد | محمد ارشد اقبال | 86.70% | ایم ایس سی ریاضی/کراچی یونیورسٹی |
| بی ایس (آنرز) | یاسر محمود | مشتاق احمد | 95.75% | بی ایس آنرز ریاضی/سرگودھا یونیورسٹی |

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ............ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ............ مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ............ قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

# مشکل الفاظ کا تلفظ اور ان کے معانی

## کتب حضرت مسیح موعود (روحانی خزائن جلد 19)

(قسط چہارم)

| الفاظ | تَلَفُّظ | معانی |
|---|---|---|
| حلم | حِلم | نرم دلی، بُردباری |
| حلیم | حَلِیم | نرم دل، نرم خُو، بُردبار |
| حماقت | حَمَاقَت | سخت بے وقوفی، نادانی، بے عقلی |
| حمایت | حَمَایَت | مدد، طرفداری |
| حُمق | حُمُق | نادانی، بے وقوفی، حماقت، بے عقلی، بھولا پن |
| حمل دار | حَمل دَار | بوجھ اٹھانے والی |
| حوادث | حَوَادِث | (حادثہ کی جمع) تکالیف، حادثات |
| حواریوں | حَوَارِیوں | (حواری کی جمع) مددگار، ساتھی، دوست، حضرت عیسیٰؑ کے ساتھی |
| حواس خطا ہونا | حَوَاس خطا هونا | ہوش نہ رہنا |
| حوالات | حَوَالَات | قید خانہ، جیل، تھانہ میں وہ جگہ جہاں قیدی کو رکھا جاتا ہے |
| حیّ | حَیّ | وہ ذات جو زندہ ہے اور دوسروں کو زندگی بخشتی ہے |
| حیض | حَیض | ماہواری، وہ خون جو کہ بالعموم خواتین کو ہر ماہ آتا ہے، ناپاکی |
| حین حیات | حِین حَیات | دوران زندگی، زمانہ حیات، جیتے جی |
| حیوان | حَیوَان | جانور |
| خائف | خَائِف | خوف زدہ، ڈرنے والا |
| خائن | خَائِن | خیانت کرنے والا، دھوکا دہی کرنے والا، بددیانت |
| خاتم الانبیاء | خَاتَمُ الاَنبِیَاء | تمام نبیوں کی مہر، تمام نبیوں سے افضل |
| خاتم | خَاتَمُ | افضل ترین، مہر |
| خارق عادت | خَارِق عَادَت | ایسا امر جو روزمرہ معمول سے ہٹ کر ہو، غیر معمولی معجزہ، کرامت، اعجازی رنگ میں |
| خاصہ | خَاصَّه | کوئی خصوصیت، خوبی یا برائی جو کسی سے نمایاں طور پر نسبت رکھتی ہو خاک |
| خاک آلودہ | خَاك آلُودَه | مٹی سے بھری ہوئی |
| خاک وخشت | خَاك و خِشُت | مٹی اور اینٹ/ پتھر |
| خاکساری | خَاکسَارِی | عاجزی، انکساری |
| خالق الکل | خَالِقُ الکُلّ | ہر چیز کو پیدا کرنے والا |
| خباثت | خَبَاثَت | گندگی، ناپاکی، خیال بد |
| خبث | خُبث | گندگی |
| خبیث النفس | خَبِیثُ النَّفس | بدمزاج، کمینہ |
| خداترس | خُدَا تَرس | خدا سے ڈرنے والا |
| خدارخصت کریگا | خُدَا رخصت کریگا | خدا انہیں وفات دے گا |
| خدارسیدہ | خُدَا رَسِیدَه | خدا تک پہنچا ہوا، اللہ والا |
| خدا کے طالب | خُدَا کے طَالِب | خدا کو تلاش کرنے والے |
| خدائے عزّ وجل | خُدَائِے عَزَّوَجَلّ | عزت اور جلال والا خدا |
| خدائے قدوس | خُدَائِے قُدُوس | پاک و برتر خدا، مبارک خدا |
| خداشناسی | خُدَاشَنَاسِی | خداتعالیٰ کی پہچان |
| خذلان | خَذُلَان | رسوائی |
| خریف | خَرِیف | وہ فصل جو جولائی، اگست کے درمیانی زمانے میں بوئی جاتی ہے جس میں جوار، مکئی، باجرا وغیرہ پیدا ہوتا ہے۔ اس کی مدت شروع برسات سے ختم برسات تک چار ماہ کی ہوتی ہے، خزاں |
| خس کم جہان پاک | خَس کَم جَهَاں پَاك | نالائق یا بے کار اور نکمّے شخص کے مرجانے یا چلے جانے پر کہتے ہیں |
| خس وخاشاک | خَس وَخَاشَاك | ردی چیز، کوڑا کرکٹ |
| خسارہ | خَسَارَه | نقصان، گھاٹا، زیاں، کمی |
| خستگی | خَستَگِی | زخمی ہونا، شکستہ، بدحال |
| خستہ | خَسُتَه | بُرا حال، نرم |
| خسروانہ فیض | خُسرُوَانَه فَیض | بادشاہ خسرو کی طرح سخاوت کرنا، بہت زیادہ اور عام سخاوت |
| خسوف | خُسُوف | چاند گرہن |
| خصلت | خَصلَت | عادت |
| خصومت | خَصُومَت | جھگڑا |
| خطا کاریاں | خَطَا کَارِیَاں | خطائیں، غلطیاں |
| خطا گئی | خَطَا گئی | نشانہ نہ لگا، اپنے مقصد تک نہ پہنچی، غلطی، کوتاہی |
| خفتیں | خِفَّتِیں | ذلتیں |
| خفیف | خَفِیف | عام، ہلکی، تھوڑی |
| خلاصہ | خُلَاصَه | نچوڑ، اختصار |
| خلاصی | خَلَاصِی | رہائی، نجات، چھٹکارا۔ |
| خلاف نصوص | خِلَافِ نُصُوص | خلاف متن |
| خلعت | خِلُعَت | پوشاک دے کر عزت بڑھانا، پوشاک عطا فرمانا، انعام دینا |
| خلف امام | خَلُفِ اِمَام | امام کے پیچھے |
| خَلق | خَلُق | لوگ، مخلوق، خلقت |
| خُلق | خُلُق | اچھائی، وصف |
| خلل | خَلَل | نقصان، کمی، حرج |
| خلل انداز | خَلَل اَندَاز | خرابی پیدا کرنیوالا |
| خلیفہ | خَلِیفَه | جانشین |
| خلیق | خَلِیق | خوش اخلاق، خوش خو |
| خمیر | خَمِیر | فطرت، مزاج، ترشی سے جوش دیکر اٹھائی ہوئی چیز |
| خندق | خَندَق | گہرا گڑھا، غار، کھوہ |
| خُو | خُو | عادت، خصلت، فطرت |
| خوابیدہ | خَوابِیدَه | سویا ہوا خواص |
| خواص الوہیت | خَوَاصِ اُلُوهِیَّت | خدائی کے اثرات، تاثیرات، معبودانہ خوبیاں |
| خواہ نخواہ | خَوَاه نَخَواه | بلاوجہ، چاہتے یا نہ چاہتے ہوئے |
| خواہاں | خَوَاهَاں | چاہنے والا، طالب، آرزومند |
| خودستائی | خُود سَتَائی | اپنی تعریف آپ کرنا |
| خودسر | خُود سَر | کسی کی نہ ماننے والا، اپنی مرضی کرنیوالا |
| خودکشی | خُود کُشِی | خود کو مارنا، اپنی جان لے لینا |
| خودنمائی | خُود نُمائی | دکھاوے کا عمل، مجازاً نمود ونمائش شیخی، غرور، خودپسندی، تکبر |
| خودرا فضیحت دیگرے را نصیحت | خُود رَا فَضِیحَت دِیگرے رَا نَصِیحَت | خود بدنام ہو بُرے کام کرے اور دوسروں کو نصیحتیں کرتا ہو |
| خودی | خُودِی | انا، تکبر |
| خوردنی | خُوردَنِی | کھانے کی چیز |

| | | |
|---|---|---|
| خوشامد | خُوشَامَد | جھوٹی تعریف، چاپلوسی |
| خونخوار | خُونخَوار | خون کھانے والا، خون پینے والا مراد ظالم، خون بہانے والا، قاتل |
| خونریز | خُونرِیز | خون بہانے والا |
| خیرالامم | خَیرُ الاُمَم | امتوں میں سے سب سے بہتر امت |
| دائر کیا | دَائِر کیا | درج کیا |
| دائرہ | دَائِرَہ | حلقہ، دور یا محیط (Circle) |
| دائمی | دَائِمِی | ہمیشہ رہنے والی |
| دائیوں | دَائِیوں | (واحد دائی) بچہ جننانے والی عورت، چھوٹے بچوں کو دودھ پلانے والی خادمہ، |
| داد دینا | دَاددینا | کسی کے ہنر، کمال یا خوبی کی تعریف کرنا |
| دارالفناء | دَارُالفَنَاء | ختم ہونے والا گھر، عارضی گھر |
| دارومدار | دَارُومَدَار | انحصار |
| دالان | دَالَان | صحن |
| دامن | دَامَن | کُرتے یا قبا وغیرہ کا نیچے کا حصہ، جھولی، آغوش |
| دانت پیسنا | دانت پِیسنا | غصہ ہونا |
| دانست | دَانِسْت | سوچ، عقل، سمجھ |
| دانشمند | دَانِشْمَند | عقلمند، عالم، فاضل، ہوشیار |
| دجال | دَجَّال | جھوٹا، فریبی، جعل ساز |
| دجل | دَجل | فریب، جھوٹ، کھوٹ، فساد |
| دخل | دَخل | رسائی، پہنچ، قبضہ، اجازت، داخلہ |
| درائت | دِرَائَت | دانائی، عقل، وہ اصول جن کا مقصد کسی روایت کو عقلی طور پر پرکھنا ہے۔ |
| دربدر | دَربَدَر | ایک دروازے سے دوسرے دروازے پر مارے پھرنا، آوارہ |
| درپے | دَرپَے | پیچھے پڑ جانا |
| درخواست | دَرخَواست | عرضی، التجا |
| دردِ دل | دَردِ دِل | دل کی تکلیف کے ساتھ |
| دردِزہ | دَردِ زِہ | بچہ کی ولادت کے وقت کی تکلیف |
| دردمند دل | دَردمَند دِل | کسی کا دکھ رکھنے والا دل |
| درشتی | دُرُشتی | سختی، تندخوئی، خشونت |
| درشن | دَرشَن | چہرہ دکھانا، ملنا، دیکھنا، نظارہ، دیدار، ملاقات |
| درماں | دَرمَاں | علاج، چارہ، دوادارو |
| درند چرند | دَرِند چَرِند | درندے اور چرنے والے، خونخوار جانور اور مویشی |
| درندگی | دَرِندَگی | حیوانگی، وحشت، ظلم |
| درندے | دَرِندے | جمع درندہ۔ پھاڑنے والا جانور، خونخوار |
| دروازہ بند ہونا | دَروَازَہ بند ہونا | ختم ہو جانا، روک دینا کسی چیز کو ختم کر دینا |
| دروغ | دَروغ | جھوٹ |
| دروغ آرائی | دَروغ آرَائِی | جھوٹی رائے دینا، جھوٹ بولنا |
| دروغ بازی | دَروغ بَازِی | جھوٹ، بہتان، کذب بیانی |
| دروغ باف | دَروغ بَاف | جھوٹا |
| دروغ بے فروغ | دَروغ بے فروغ | کامیاب نہ ہونے والا جھوٹ، فروغ نہ پانے والا جھوٹ، |
| دروغ گو | دَروغ گو | جھوٹا، جھوٹ بولنے والا |
| درہم برہم | دَرہَم بَرہَم | تباہ و برباد |
| دریافت | دَریَافت | پوچھنا، کھوج لگانا، پتا لگانا، تفتیش، تحقیق، جانچ پڑتال |
| دست اندازی | دَست اَندَازِی | مداخلت، مخالفت، زبردستی |
| دست بدست | دَست بَدَست | ایک ہاتھ دینا ایک ہاتھ لینا، ہاتھوں ہاتھ، جلدی |

| | | |
|---|---|---|
| دست بردار | دَست بَردار | کسی کام وغیرہ سے ہاتھ اٹھانیوالا، چھوڑنیوالا، دستکش، بے تعلق |
| دست کشی | دَست کَشِی | ہاتھ کھینچ لینا، بے تعلق ہو جانا |
| دستاویز | دَستَاوِیز | اہم تحریر (Document)، سند، اقرار نامہ |
| دستخطی | دَستَخطِی | ہاتھ کا لکھا ہوا۔ دستخط کئے ہوئے |
| دستخطی تحریر | دَستَخطِی تَحرِیر | ایسی تحریر جس کے ساتھ لکھنے والے کے دستخط بھی موجود ہوں |
| دستورالعمل | دَستُورُالعَمَل | طریقہ کار، طور، عمل، چلن، دستور |
| دشت کربلا | دَشتِ کَربَلا | کربلا کا میدان |
| دشنام دہندہ | دُشنَام دِہنَدَہ | گالیاں دینے والا |
| دشنام دہی | دُشنَام دَہِی | گالی گلوچ |
| دشوار گزار | دُشوَار گُزَار | مشکل، تکلیف دہ |
| دعوت الایمان | دَعوَتُ الاِیمَان | ایمان کی طرف بلانا، کشتی نوح کا دوسرا نام |
| دغابازی | دَغَابَازِی | دھوکہ دینا، بے ایمانی کرنا |
| دف | دَف | کم و بیش ایک فٹ قطر کا چوبی حلقہ نما ایک ساز، طبلہ سے مشابہ لیکن بڑا جس میں ایک طرف کھال منڈھی ہوتی ہے، دفلا، دائرہ، ڈھیڑھی، چوپٹی |
| دفتر | دَفتَر | رجسٹر، مجموعہ حساب، محکمہ، کچہری کے کاغذوں کا مجموعہ، آفس |
| دفع | دَفَع | دور کرنا، ہٹانا، پرے کرنا |
| دقیق | دَقِیق | باریک |
| دقیق در دقیق | دَقِیق دَر دَقِیق | باریک در باریک، پیچیدہ، مشکل، دشوار، |
| دل برداشتہ | دِل بَردَاشتَہ | جس کا دل ہٹ جائے، الگ تھلگ، اکتا جانے والا |
| دلالت | دَلَالَت | علامت، نشان، پتہ، دلیل، ثبوت، رہنمائی |
| دلدادہ | دِلدَا دَہ | عاشق، پیارا، پسندیدہ |
| دلگیر | دِلگِیر | غم زدہ |
| دلیری | دَلِیرِی | بہادری، جرأت، شجاعت |
| دلیل | دَلِیل | بحث، حجت، ثبوت، شہادت |
| دم مارنا | دَم مَارنَا | حرکت کرنا، مزاحمت کرنا، مقابلہ کرنا |
| دماغ | دِمَاغ | عقل، سر کا مغز، گودا، |
| دنیا پرستی | دُنیَا پَرَستِی | دنیا کے پیچھے پڑا رہنا، دنیاداری، لالچ |
| دنیاداروں | دُنیادَاروں | دنیادار کی جمع، تعلقات دنیا میں گھرا ہوا، چالاک آدمی ظاہردار |
| دورنگی | دو رَنگِی | منافقت |
| دوافروش | دَوَا فَروش | دوا بیچنے والا |
| دورانِ خون | دَورَانِ خُون | خون کی گردش |
| دورانِ سر | دَورَانِ سَر | سر درد، سر کا گھومنا |
| دوکان نشینوں | دوکَان نَشِینوں | دوکاندار، دوکان میں بیٹھنے والے |
| دولتمند | دَولَتمَند | امیر، جس کے پاس پیسے کی کثرت ہو |
| دوہائی | دُوہَائِی | شوروغوغا، فریاد شکوہ |
| دوہرے طور پر | دوھرے طور پر | دو طریقوں سے |
| دھرتی | دَھرتِی | زمین |
| دھنس | دَھنس | داخل ہونا کسی سطح کے اندر گھس جانا، گھسنا، |
| دھڑکا | دَھڑکَا | خوف، ڈر |
| دہریت | دَہرِیَت | خدا کو نہ ماننا |
| دہشت | دَہشَت | خوف |
| دہقان | دِہقَان | کھیتی باڑی کرنے والے، زراعت کرنے والے، کسان |
| دیگر لوازم | دِیگر لَوَازِم | دوسری ضرورت کی اشیاء |
| دیوانگی | دِیوَانگِی | پاگل پن، حواس کھو بیٹھنا |

| | | |
|---|---|---|
| دیوتا | دیوتَا | معبود، خالق، اوتار (نبی وغیرہ) فرشتہ، مقدس ہستی، جس کی پوجا کی جاتی ہے؛ (مجازاً) بادشاہ |
| دیوث | دَیُّوث | بے حیا، بے غیرت |
| دیویوں | دِیوِیوں | (دیوتا کی مؤنث) |
| ذخیرہ | ذَخِیرَہ | جمع کرنا، گودام، خزانہ |
| ذمہ واریوں | ذِمَّہ وَارِیوں | مقررہ کام کرنا |
| ذمیمہ | ذَمِیمَہ | بُری، خراب، قابلِ مذمت |
| ذوالسنین | ذُوالسِّنِین | ایک ستارہ جس کے مسیح موعود کے وقت میں ظاہر ہونے کی پیشگوئی احادیث میں ہے۔ |
| ذونسب | ذُونَسَب | اعلیٰ حسب ونسب والا، معزز خاندان والا |
| ذہول | ذُهُول | بھول جانا، غفلت |
| ذیابیطس | ذِیابِیطَس | (Diabates) ایک بیماری کا نام، شوگر |
| ذیل | ذَیل | دامن، دُم، نیچے |
| راج | رَاج | حکومت، دور |
| راحت | رَاحَت | خوشی، آرام، آسودگی، سُکھ |
| راز | رَاز | بھید، پوشیدہ |
| رازق | رَازِق | رزق دینے والا (خدا تعالیٰ کی ایک صفت) |
| راست باز | رَاست بَاز | سچ بولنے والا، نیک، سچا، ایمان دار، دیانت دار |
| راستی | رَاستِی | سچائی، صدق |
| رام رام | رَام رَام | محاورہ، ہندوؤں کا سلام، توبہ توبہ، جان پہچان واقفیت |
| رامچندر | رَامچَندَر | حضرت رامچندر ر۔ ہندوؤں کے نبی |
| راویوں | رَاوِیوں | جمع راوی۔ روایت کرنے والے، بیان کرنے والے |
| راہ راست | رَاہِ رَاست | سیدھا راستہ |
| راہ لیتا ہے | رَاہ لیتاھے | روانہ ہوتا ہے، اپنا کام کرتا ہے |
| راہب | رَاهِب | زاہد، گوشہ نشین، رومن کیتھولک کلیسیا کا درویش |
| رب العالمین | رَبُّ العَالَمِین | تمام جہانوں کی پرورش کرنے والا خدا |
| رب النوع | رَبُّ النَّوع | مخلوق کی مختلف انواع میں سے ہر نوع کی دیکھ بھال یا حفاظت کرنے والا فرشتہ جو کہا جاتا ہے کہ خدا کی طرف سے مقرر ہے |
| ربوبیت | رُبُوبِیَّت | پرورش یا سرپرستی کرنا، پالنا، بڑھانا |
| ربوبیت کبریٰ | رُبُوبِیَّتِ کُبرَا | سب سے بڑھ کر پرورش |
| ربیع | رَبِیع | پاک و ہند میں کھیتی باڑی کی وہ فصل جو اکتوبر، نومبر میں کاشت کی جاتی ہے (گیہوں، جو وغیرہ) اور مارچ، اپریل میں کاٹی جاتی ہے |
| رپورٹیں | رَپُورٹیں | (رپورٹ کی جمع) اطلاع، وہ تحریر جس میں کوئی اطلاع ہو |
| رتبہ | رُتبَہ | مقام، درجہ |
| رجحان | رُجحَان | توجّہ، میلان |
| رجسٹری (rigestry) | رَجِسٹَری | داخلہ، اندراج، فہرست |
| رجوع | رُجُوع | واپس ہونا، مڑنا، لوٹنا |
| رحلت | رِحلَت | وفات، انتقال |
| رحم | رِحم | بچہ دانی |
| رحم خسروانہ | رَحمِ خُسرَوَانَہ | شاہانہ رحم، شفقت، مہربانی |
| رحمان | رَحمَان | بن مانگے دینے والا |
| رحمانیت | رَحمَانِیَّت | اللہ تعالیٰ کی وہ صفت جس کے ذریعہ وہ تمام لوگوں پر ان کی دعاؤں اور عمل کے بغیر اپنا فضل نازل کرتا ہے |
| رحمت تامہ | رَحمَتِ تَامَّہ | سراپا رحمت، پوری طرح رحمت |
| رحمت عامہ | رَحمَتِ عَامَّہ | تمام لوگوں کے لئے رحمت، عام رحمت |
| رحیم | رَحِیم | بار بار رحم کرنے والا |

| | | |
|---|---|---|
| رحیمیت | رَحِیمِیَّت | اللہ تعالیٰ کی وہ صفت جس کے ذریعہ وہ اپنے مومنین کی دعاؤں کو قبول کرتے ہوئے ان پر فضل فرماتا ہے |
| رخنہ انداز ہونا | رَخنَہ اَندَاز ہونا | عیب پیدا کرنا، فساد پیدا کرنا |
| ردّ | رَدّ | تردید، جھٹلانا، واپس کرنا، لوٹانا |
| ردّی | رَدِّی | بے کار، نکما، ناقص |
| رذیل | رَذِیل | کمینہ، ذلیل |
| رسائی | رَسَائِی | پہنچ |
| رسالت | رِسَالَت | پیغام لے جانے اور پہنچانے کا کام پیغمبری، سفارت |
| رسمی عقیدہ | رَسمِی عَقِیدَہ | عام اعتقاد، رواج کے مطابق عقیدہ |
| رسمی محدثین | رَسمِی مُحَدِّثِین | معروف/رائج زمانہ محدثین/حدیثیں جمع کرنے والے |
| رسوا | رُسوَا | ذلیل، خوار، شرمندہ |
| رسولی | رَسولی | کھال کے نیچے یا جسم کے کسی حصہ میں پیدا ہو جانے والی گلٹی، پھوڑا وغیرہ |
| رسوم | رُسُوم | رسم کی جمع، طریق، ریت، رواج |
| رشتہ محبت | رِشتَہ مَحَبَّت | محبت کا تعلق |
| رشد | رُشد | عقل |
| رشک | رَشک | کسی کے اعلیٰ مقام کو دیکھ کر یہ خواہش پیدا ہونا کہ اس کے برابر ہو جائیں |
| رشی | رِشی | عابد، خدا پرست، نیک لوگ، بزرگ |
| رشید | رَشِید | ہدایت یافتہ، نیک |
| رضا | رَضَا | خوشی، پسند |
| رطوبت | رَطُوبَت | تری، نمی، تازگی |
| رعایا | رَعَایَا | رعیت کی جمع۔ وہ لوگ جو بادشاہ یا راجہ کی سلطنت میں آباد ہوں۔ عوام |
| رعایت | رِعَایَت | لحاظ، خیال، طرفداری |
| رعب (بٹھلا سکتا ہے) | رُعب (بٹھلا سکتا ھے) | خوف، شان و شوکت قائم کر سکتا ہے |
| رعد | رَعد | بادل کی گرج، گڑگڑاہٹ |
| رغبت | رَغبَت | شوق، توجہ |
| رفع | رَفع | بلند کیا جانا، اٹھایا جانا، چھوڑنا، باز رہنا |
| رفع یدین | رَفع یَدَین | ہاتھوں کو اوپر کرنا، اصطلاح نماز میں ہاتھوں کو کانوں تک لے جانا |
| رفوگر | رَفُوگر | کپڑوں کو مرمت کرنے والا |
| رقت منی | رِقَّتِ مَنِی | مادہ تولید کا پتلا ہونا |
| رقیب | رَقِیب | محافظ، حریف، نگران |
| رگ جان | رَگِ جَان | شہ رگ، وہ رگ جس سے تمام جسم میں خون پہنچتا ہے اور یہ دل سے تعلق رکھتی ہے |
| رگ وید | رِگ وِید | ہندوؤں کی چار کتابوں یا آسمانی کتابوں میں سے ایک کتاب |
| رنگ آمیزی | رَنگ آمِیزِی | نقاشی، مصوری |
| روئیدگی | رُوئِیدگی | سبزہ |
| روئے زمین | رُوئِے زَمِین | زمین پر |
| روا نہیں رکھتا | رَوَا | جائز نہیں رکھتا |
| روبرو | رُوبَرُو | آمنے سامنے، مقابل آنا |
| روح | رُوح | جان، امر الٰہی، جس سے جاندار زندہ رہتے ہیں |
| روح الصدق | رُوحُ الصِّدقِ | سچائی کی روح |
| روح القدس | رُوحُ القُدُس | پاکیزہ روح، حضرت جبرائیل کا نام |
| روح پھونک دی | رُح پھونك دی | زندگی پیدا کرنا، قوت دینا، نیا جذبہ پیدا کرنا |

ص۔مظہر

# پیاری امی جان مکرمہ امۃ الکریم سیٹھی صاحبہ کا ذکر خیر

پیاری امی جان مکرمہ امۃ الکریم سیٹھی صاحبہ اہلیہ مکرم منظور الحق سیٹھی صاحب آف جہلم حال ربوہ 3 مارچ 1947ء کو پیدا ہوئیں۔ پیاری امی جان کا تعلق احمدیت کے فدائی خاندان سے تھا۔ پیارے ابی (ناناجان) مکرم عبدالحمید صاحب مرحوم آف کنڈیارو سندھ پر مخالفین احمدیت کی طرف سے 1981ء میں قاتلانہ حملہ ہوا تھا جس میں وہ شدید زخمی ہوئے اور پیاری امی جان کے چچا مکرم عبدالرشید احمد بٹ صاحب مرحوم 1974ء میں مخالفین احمدیت کے ایک حملہ میں راہ مولیٰ میں قربان ہو گئے تھے۔ پیاری امی جان ابن مکرم عبدالحق سیٹھی صاحب مرحوم ابن حضرت میاں محمد ابراہیم جہلمی رفیق حضرت مسیح موعودؑ کے از 313 کی بہو تھیں۔

## عبادت الٰہی، دعاؤں و تسبیحات کا شغف

پیاری امی جان بہت نیک، تہجد گزار، پانچ وقت کی نمازی اور اشراق، چاشت کے علاوہ بیشمار نوافل کی پابند تھیں اور زیادہ وقت بے شمار دعاؤں کی اور تسبیحات میں مشغول رہتی تھیں۔ مجھے اکثر کہتی تھیں کہ جس طرح میں جوانی میں عبادت کر چکی ہوں ویسی عبادت اب نہیں ہوتی۔ کہتی تھیں کہ میں تراویح پڑھ کر آتی تو آتے ہی سو جاتی تھی اور رات 12 بجے اٹھ جاتی تھی اور ایسے Fresh ہوتی تھی جیسے بہت سو لیا ہو پھر ساری رات عبادت الٰہی میں مصروف رہتی تھیں۔ کہتی تھیں کہ ابھی ایک نماز اور تسبیحات پڑھ کر فارغ ہوتی ہوں تو اگلی نماز کا وقت ہو جاتا ہے۔

ICU فضل عمر ہسپتال میں اپنی وفات سے چند روز قبل تک بھی ان کے الفاظ یہی تھے کہ الحمدللہ اس حالت میں بھی ساری نمازیں نوافل پڑھتی ہوں اور تہجد میں تو بہت مزا آتا ہے۔ رمضان میں پیاری امی جان کا بیت مبارک اور بیت ناصر میں نمازیں پڑھنے جانا اور ہمیشہ پہلی صف میں بیٹھنا میری یادوں میں تازہ ہے۔ جمعۃ المبارک بڑے اہتمام سے گزارتی تھیں اور نوافل ادا کرنے کی خاطر خطبہ سے بہت پہلے بیت اقصیٰ پہنچ جاتی تھیں۔ پیاری امی جان کی عادت تھی کہ نماز کے لئے ایک جگہ مقرر رکھتیں اور کہتی تھیں کہ فرشتے انتظار کرتے اس لئے میں اپنی جگہ پر بیٹھتی ہوں۔

پیاری امی جان کو خدا تعالیٰ کے خاص فضل سے قادیان جانے کی تین دفعہ توفیق ملی اور ماشاء اللہ قادیان بھی انہیں بھرپور عبادت کرنے کی توفیق ملی۔ 2012ء میں بھی قادیان جانے کی توفیق ملی۔ باوجود صحت کمزور ہونے کے، شوگر کی وجہ سے ان کے پاؤں میں دو سالوں سے طاقت بالکل نہیں تھی جس کی وجہ سے چلنے میں بہت مشکل ہوتی تھی، مگر بھرپور عبادت کی۔ اپنی جوانی کی عادت کے مطابق جلدی سو جاتیں اور 2 بجے اٹھ جاتی تھیں اور آہستہ آہستہ تیاری شروع کر دیتی تھیں کہ بیت مبارک جا سکیں پھر ہمیشہ کی طرح پہلے بیت مبارک میں پہنچتیں اور سب سے آخر میں نکلتی تھیں۔ یہ معمول صرف قادیان میں ہی نہیں بلکہ میں اپنے بچپن سے دیکھتی آ رہی ہوں بیت اقصیٰ ہو یا بیت مبارک یا حلقہ کی بیت ناصر، ہمیشہ سب سے پہلے پہنچنا اور سب سے آخر میں نکلنا اس دوران مسلسل نوافل ادا کرتی تھیں۔

ایک روز مجھے بتایا کہ میں قادیان میں روز سو نوافل پڑھتی تھی جس میں آنحضرت ﷺ خلفاء راشدین، حضرت مسیح موعودؑ اور آپ کے خلفاء کرام، خاندان حضرت مسیح موعودؑ تمام جماعت، اپنے عزیزوں اور اپنے بچوں کے لئے بے انتہا دعائیں کرتی تھی۔

نماز، نوافل، تلاوت قرآن کریم کے علاوہ تقریباً سارا دن تسبیحات میں مشغول رہتی تھیں اور اپنے سارے اعضاء پر الگ الگ دعائیں پڑھ کر دم کرتی تھیں۔

## قرآن کریم سے محبت

مجھے یاد ہے کہ پیاری امی جان ماشاء اللہ رمضان نہایت عمدہ طریق پر گزارتی تھیں بیت الذکر سے تراویح پڑھ کر آنا اور جلدی سو جانا تا کہ رات جلدی اُٹھ جائیں اور ساری رات نوافل ادا کریں اور قرآن پاک پڑھیں۔ رمضان میں قرآن پاک کے کئی دور مکمل کرتی تھیں۔ قرآن کریم خود بھی ترجمہ کے ساتھ سمجھ سمجھ کر پڑھتی تھیں اور ہمیں بھی ہمیشہ کہتی تھیں کہ ترجمہ کے ساتھ سمجھ کر پڑھا کرو۔

## روزے

پیاری امی جان نہ صرف رمضان کے روزے بلکہ نفلی روزے بھی رکھتی تھیں۔ روزے بڑے جذبے سے نہ صرف خود رکھتی تھیں، بلکہ گھر والوں کے رکھوانے کا بھی انتظام کرتی تھیں۔ وفات سے پہلے ایک دو سال سے روزے نہیں رکھ سکی تھیں جس پر بڑا دکھ کا اظہار کرتی تھیں۔

## چندہ جات وصدقات

مالی قربانی میں بھی اللہ تعالیٰ کے خاص فضل سے بہت ہی آگے ہوتی تھیں۔ ہمیشہ اُن کی کوشش ہوتی تھی کہ کسی کے علم میں نہ آئے کہ کتنا چندہ دیا ہے۔ اپنی وفات سے مہینہ پہلے میرے ہاتھ چندہ تحریک جدید بھجوایا اور پیغام دیا کہ اِس دفعہ دیر ہو گئی ہے۔ جب خاکسار نے اُن کے حلقے کی سیکرٹری صاحبہ کو چندے کے ساتھ پیغام دیا تو انھوں نے کہا کہ آنٹی کو ہمیشہ فکر ہوتی ہے اور ہمیشہ پہلے دے دیتی ہیں ابھی تو نیا سال شروع ہونے میں تین ماہ باقی ہیں۔ اسی طرح صدقات بھی بے شمار دیتی تھیں۔ عید سے پہلے ہی غریبوں کے لئے عیدی کے پیکٹ بنا لیتی تھیں بلکہ آخری عید پر بھی حالانکہ سخت بیمار تھیں لیکن مجھ سے پیکٹ بنوائے اور کہا کہ پہلے یہ کام کرو پھر کوئی اور کام کرنا۔ حلقے کی صدر صاحبہ نے خاکسار کو بتایا کہ کوئی نئی تحریک ہوتی تو سب سے پہلے ہم آپ کی امی کے پاس آتے اور مکرم نسیم سیفی صاحب سابق ایڈیٹر الفضل کی بیگم صاحبہ سابقہ صدر حلقہ ہمیشہ کہتیں کہ سب سے پہلے بے بی (آپ کی امی) کے گھر جانا ہے اور جب بھی جانا اور کہنا کہ صدر صاحبہ نے بھیجا ہے تو ہمیشہ بڑھ کر ہر تحریک میں شامل ہوتیں اور کبھی بھی تو منع کئے بغیر نہیں جانے دیتی تھیں۔

## خلافت سے محبت

پیاری امی جان کا خلافت سے بے پناہ پیار کا تعلق تھا۔ حضور انور کے خطبات بڑے ہی انہماک سے سنتی تھیں اور جلسہ سالانہ کے تمام دن کی کارروائی کو بڑے غور سے سنتی تھیں۔ ایک دو سال سے وہ اونچا سننے لگ گئی تھیں اس لئے ٹی وی کے بالکل پاس بیٹھ کر خطبات سنتیں اور اسی طرح جلسوں کے تمام پروگرام سے استفادہ کرتی تھیں۔ خاکسار سے حضور انور کی خدمت میں دعائیہ خطوط لکھواتیں۔ وفات سے قبل بھی ایک تفصیلی دعائیہ خط بھجوایا۔

## خاندان حضرت مسیح موعود سے عقیدت

پیاری امی جان کا خاندان حضرت مسیح موعودؑ کے ساتھ بھی بہت پیار کا تعلق تھا۔ ہمیشہ کہتیں کہ نیک لوگوں سے ملنا چاہئے اور ان سے دعائیں لینی چاہئیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کی والدہ صاحبہ سے تو بہت ہی پیار تھا چھوٹی عمر سے ان کے گھر جاتی تھیں ہمیشہ کہتی تھیں کہ اُن کے ساتھ میرا 35 سال کا تعلق تھا اور وہ میری ماں تھیں۔ مجھے یاد ہے کہ مہینہ گزرتا تھا تو پیاری امی جان کو فکر ہوتی تھی کہ وہ میرا انتظار کر رہی ہوں گی پھر ان کے لئے تحائف لے کر جاتیں اور گھنٹوں ان کے ساتھ باتیں کرتی تھیں۔ ان کی ملاقات کا سب سے بڑا مقصد ڈھیروں دعائیں سمیٹنا ہوتا تھا۔

## غریبوں سے حسن سلوک

پیاری امی جان غریبوں کی تو بہت ہی ہمدرد تھیں۔ گھر میں کام کرنے والیوں کے ساتھ تو نہایت حسن سلوک تھا۔ دو کام والیاں جو میری پیدائش سے پہلے کی ہیں، پیاری امی جان نے انہیں کبھی نیچے نہیں بیٹھنے دیا۔ پیاری امی جان کی وفات سے 25 دن پہلے کا واقعہ ہے کہ ایک ملازمہ کے بارہ میں مجھے کہا کہ آج بیچاری نے بہت کام کیا ہے اسے دودھ کے گلاس میں زیادہ چینی اور دو انڈے ابال کے دے آؤ۔ اسی طرح گرمی ہو یا سردی اس کے مطابق ان کا خیال رکھتی تھیں۔ اس کے علاوہ بیشمار ضرورت مند عورتیں تقریباً روز گھر آتی تھیں جنہیں کبھی بھی خالی ہاتھ نہیں جانے دیا اور ہمیشہ فکر ہوتی تھی کہ میرے گھر سے کوئی خالی ہاتھ نہ جائے۔

## عزیزوں و مخلوق خدا سے پیار

پیاری امی جان ہر ایک سے بہت پیار کرتی تھیں۔ خصوصاً اپنی بہنوں اور بھائیوں سے کیونکہ پیاری امی جان کے بہن بھائی ابھی چھوٹے ہی تھے کہ خاکسار کی بڑی امی جان (نانی جان) کی وفات ہو گئی تھی۔ پیاری امی جان نے اپنی بہنوں اور بھائیوں کو اپنے بچوں سے بڑھ کر پیار دیا۔ پھر خاکسار کے دادا جان اور دادی جان بھی جہلم سے امی کے پاس آ گئے اور پیاری امی جان نے اُن کی بھی بھرپور خدمت کی اور بے شمار دعائیں سمیٹیں۔

واقعی ایسے مخلص، ہمدرد لوگ بہت ہی کم ہوتے ہیں۔

## خدمت دین

پیاری امی جان جماعت کے کام کرنا بھی بہت پسند کرتی تھیں اور خواہش تھی کہ ان کے سارے بچے وقف ہوں اور جماعت کی خدمت کریں۔ الحمدللہ خاکسار اور خاکسار کی بڑی بہن کے میاں صاحبان واقفین زندگی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے خاکسار کی چھوٹی بہن وقف نو میں ہے۔ اس کو وقف نو کے تمام مقابلہ جات کی تیاری بڑے شوق سے کرواتی تھیں۔ جب وہ چھوٹی تھی تو اس کی کلاسز صبح فجر کے بعد بیت نصرت میں ہوتی تھیں۔ پیاری امی جان اس کی تمام وقف نو کی کلاسز میں اس کے ساتھ ساتھ ہوتی تھیں جتنی دیر تک کلاس ہوتی پیاری امی جان اپنے نوافل میں مشغول رہتی تھیں۔ اسی طرح خاکسار اور خاکسار کی بڑی بہن کا دفتر لجنہ مقامی ربوہ میں کام کرنے پر بہت خوش ہوتی تھیں اور ہر ایک کو دفتر میں بڑے فخر سے بتاتی تھیں کہ یہ دونوں میری بیٹیاں ہیں۔

جب خاکسار چھوٹی تھی تو پیاری امی جان دعوت الی اللہ کی ٹیم میں تھیں۔ بڑے شوق سے احمد نگر جاتیں اور خدمت کی توفیق پاتی رہیں۔ پھر سیکرٹری تحریک جدید کے ساتھ کافی عرصہ کام کیا۔ پھر ممبری چندہ لینے میں بھی کافی عرصہ خدمت کی اور اللہ کے فضل سے پیاری امی جان کی گلی کا چندہ ہمیشہ سب سے زیادہ ہوتا تھا۔

قارئین الفضل سے پیاری امی جان کی مغفرت اور درجات کی بلندی کے لئے عاجزانہ درخواست دعا ہے۔ نیز پسماندگان کو ان کی نیکیاں جاری رکھنے کی خدا تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔

# اطلاعات و اعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## ولادت

مکرم مشہود احمد طور صاحب مربی سلسلہ دفتر صدر عمومی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے ماموں مکرم ملک رفیق احمد صاحب آف احمد نگر حال مقیم جرمنی کے بیٹے مکرم ملک اظہر احمد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل و کرم سے دو بیٹیوں کے بعد بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود کا نام ملک مہتاب احمد اعوان تجویز ہوا ہے جو بابرکت تحریک وقف نو میں شامل ہے۔ نومولود مکرم نور محمد صاحب باڈی گارڈ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی نسل سے اور مکرم ملک عبدالرشید صاحب آف بھڑتھانوالہ ضلع سیالکوٹ کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود بچے کو نیک، خادم اور دین والدین کے لئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

## نکاح و تقریب شادی

مکرم حکیم محمد قدرت اللہ محمود چیمہ صاحب زعیم مجلس انصار اللہ دارالرحمت غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری بھتیجی مکرمہ خولہ ظفر صاحبہ واقفہ نو بنت مکرم محمد ظفر اللہ چیمہ صاحب ناصر آباد جنوبی ربوہ کے نکاح کا اعلان محترم مرزا محمد الدین ناز صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد تعلیم القرآن و وقف عارضی نے مورخہ 27 جنوری 2013ء کو بیت المبارک میں ہمراہ مکرم مشہود احمد وقار صاحب ابن مکرم محمود احمد طارق صاحب کارکن نظارت امور عامہ مبلغ دو لاکھ پچاس ہزار روپے حق مہر پر کیا۔ مورخہ 16 فروری 2014ء کو مجلس انصار اللہ پاکستان کے سبزہ زار میں تقریب رخصتانہ کے موقع پر تلاوت و نظم کے بعد محترم سید خالد احمد شاہ صاحب ناظر مال خرچ نے دعا کروائی۔ مورخہ 17 فروری 2014ء کو دفتر مجلس انصار اللہ پاکستان کے لان میں ہی تقریب ولیمہ کے موقع پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے دعا کروائی۔ دلہن محترم محمد عبداللہ چیمہ صاحب مرحوم سابق کارکن دفتر وقف جدید کی پوتی اور حضرت مسیح موعود کے رفقاء حضرت مولوی غلام حسین صاحب ڈنگوی، حضرت میاں امام الدین صاحب پیرکوٹی، حضرت میاں پیر محمد صاحب پیرکوٹی اور حضرت عطاء اللہ صاحب کی نسل سے ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین کے لئے ہر جہت سے خیر و برکت کا موجب بنائے اور مثمر بثمرات حسنہ کرے۔ آمین

## تقریب آمین

مکرم عطاء الرقیب منور صاحب مربی ضلع نارووال تحریر کرتے ہیں۔

مکرم شیراز احمد صاحب امیر پارک گوجرانوالہ حال تھائی لینڈ کی بیٹی نادیہ شیراز نے ساڑھے پانچ سال کی عمر میں قرآن مجید ناظرہ کا پہلا دور مکمل کرنے کی توفیق پائی۔ مورخہ 9 فروری 2014ء کو تھائی لینڈ میں تقریب آمین منعقد ہوئی۔ جس میں مقامی مربی صاحب نے بچی سے قرآن سنا اور دعا کروائی۔ بچی حضرت قاضی محمد اکبر صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل میں سے ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے بچی کو قرآن کریم کے فہم اور قرآنی علوم و انوار سے نوازے۔ آمین

## درخواست دعا

مکرم محمد سعید قمر صاحب زعیم مجلس انصار اللہ نصیر آباد غالب ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے ماموں مکرم مسعود احمد درد صاحب المعروف درد پینٹر مختلف امراض کی وجہ سے کراچی میں صاحبِ فراش ہیں اور ہسپتال کے ICU میں داخل ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ خدا تعالیٰ اپنے فضل سے انہیں کامل شفایابی والی عمر دراز عطا فرمائے اور جملہ امراض سے شفا عطا فرمائے۔ آمین

خاکسار کی خالہ مکرمہ امۃ الحفیظ صاحبہ کی کولہے کی ہڈی گھر میں گرنے کی وجہ سے فریکچر ہو گئی ہے۔ ڈاکٹروں نے آپریشن تجویز کیا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ خاکسار کی خالہ کو صحت و تندرستی اور کامل شفایابی والی عمر دراز عطا فرمائے اور جملہ پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

مکرم ناصر احمد صاحب مجلس انصار اللہ نصیر آباد غالب ربوہ تقریباً ایک ماہ سے مختلف عوارض کی وجہ سے صاحب فراش ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں کامل شفایابی عطا فرمائے اور جملہ امراض دور فرمائے اور صحت و تندرستی والی عمر دراز عطا فرمائے۔ آمین

مکرمہ عابدہ مریم صاحبہ اہلیہ مکرم انور طاہر صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتی ہیں۔

میری والدہ مکرمہ سارہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری صلاح الدین صاحب مرحوم کا 25 فروری 2014ء کو کامیاب بائی پاس آپریشن ہوا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھتے ہوئے شفاء کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم احسان الٰہی عابد صاحب کارکن شعبہ کمپیوٹر تحریک جدید تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ مکرمہ نور بیگم صاحبہ بیوہ مکرم کرم الٰہی صاحب کچھ عرصہ سے مختلف عوارض کی وجہ سے بیمار ہیں۔ پتے میں پتھری ہونے کی وجہ سے اکثر درد رہتا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے انہیں شفائے کاملہ عطا فرمائے۔

نیز میری اہلیہ مکرمہ نسیم اختر صاحبہ بھی شوگر کی مریضہ ہیں۔ ان کے جوڑوں میں درد رہتا ہے احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ ان کو شفائے کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم ارشاد احمد دانش صاحب مربی سلسلہ ٹینچ بھاٹہ ضلع راولپنڈی تحریر کرتے ہیں۔

مورخہ 28 فروری 2014ء کو مکرم محمد یونس قریشی صاحب ولد مکرم منشی فیروز دین صاحب آف کسراں ضلع اٹک چمن آباد راولپنڈی اپنے بیٹے کے پاس دو ماہ صاحب فراش رہنے کے بعد بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو بیٹے ایک بیٹی 7 پوتے 5 پوتیاں 1 نواسہ اور 2 نواسیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ نماز جنازہ اسی روز ان کے بڑے بیٹے مکرم محمد اعظم قریشی صاحب سابق صدر حلقہ چمن آباد کے گھر خاکسار نے پڑھائی۔ جنازے کے بعد تدفین آبائی قبرستان کسراں ضلع اٹک میں ہوئی تدفین کے بعد مکرم محمد افضال اظہر صاحب صدر حلقہ چمن آباد، راولپنڈی نے دعا کروائی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

☆......☆......☆......☆......☆

## نظارت تعلیم کے زیر اہتمام

## سول سروسز سیمینار

نظارت تعلیم نے سول سروسز کے موضوع پر ایک سیمینار 6 مارچ 2014ء صبح گیارہ بجے طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں منعقد کیا۔ اس پروگرام میں مکرم غالب الدین صاحب سابق سپیشل سیکرٹری وزیراعظم پاکستان، ممبر فیڈرل پبلک سروس کمیشن FPSC نے فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے اہم موضوع پر اور مکرم سہیل احمد صاحب سابق چیئرمین فیڈرل آف ریونیو FBR نے CCS کے موضوع پر مفید لیکچرز دیئے۔ جن میں طلباء کیلئے اہم معلومات اور رہنمائی تھی۔ دونوں لیکچرز کے اختتام پر سوالات کئے گئے۔ ہر لیکچر کا دورانیہ 1 گھنٹہ تھا۔ اس سیمینار میں کالج کے تمام سٹوڈنٹس نے اور کچھ اساتذہ نے شرکت کی۔ شاملین کی کل تعداد 182 تھی۔

(ناظر تعلیم)

بقیہ از صفحہ 2 انعامی سکالرشپس

## نواب عباس احمد خان سکالرشپ

یہ سکالرشپ ایسے طلباء و طالبات کے لیے ہے جنہوں نے انٹرمیڈیٹ کے بعد بیچلر آف انجینئرنگ میں داخلہ لیا ہو۔

| گروپ | نام طالب علم | ولدیت | حاصل کردہ نمبر (%) | ادارہ جہاں داخلہ ہوا ہے۔ |
|---|---|---|---|---|
| انجینئرنگ | عمران حمید | عبدالحمید | 92.18% | UET |

## خلیل احمد سونگی شہید سکالرشپ

یہ سکالرشپ ایسے طلباء و طالبات کے لیے ہے جنہوں نے انٹرمیڈیٹ کے بعد بیچلر آف انجینئرنگ میں داخلہ لیا ہو۔

| گروپ | نام طالبعلم | ولدیت | حاصل کردہ نمبر (%) | ادارہ جہاں داخلہ ہوا ہے۔ |
|---|---|---|---|---|
| انجینئرنگ | قرۃ العین | ظہور الدین بابر | 88.09% | UET |

## عزیز احمد میموریل سکالرشپ

یہ سکالرشپ ان طلباء و طالبات کے لیے ہے جنہوں نے Bachelors of Electrical Engineering میں داخلہ حاصل کیا ہو۔ یہ سکالرشپ بھی بلحاظ نمبر ہوتا ہے۔

| گروپ | نام طالب علم | ولدیت | حاصل کردہ نمبر (%) | ادارہ جہاں داخلہ ہوا ہے۔ |
|---|---|---|---|---|
| الیکٹریکل انجینئرنگ | عرشیہ عارف | عارف محمود | 86.91% | NUST |

(نظارت تعلیم)

# خبریں
## ملکی اخبارات میں سے

### خواتین میں کمر درد کی بڑی وجہ ہینڈ بیگ ہے

پاکستان سمیت دنیا بھر میں خواتین میں کمر درد کی شکایت عام ہے۔ماہرین کہتے ہیں کہ اس درد کی اہم وجہ خواتین کے اپنے خوبصورت ہینڈ بیگ ہیں۔ امریکا میں کی گئی تحقیق کے مطابق کندھے پر بھاری بھرکم بیگ لٹکانے سے مسلز عدم توازن کا شکار ہوتے ہیں اور ریڑھ کی ہڈی پر دباؤ پڑنے سے کمر میں درد شروع ہوجاتا ہے، جو گردن سے ہوتا ہوا دماغ تک جا پہنچتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ کمر درد سے بچنے کے لئے بیگ کے وزن میں کمی کی جائے اور چوڑے سٹریپ والے بیگ استعمال کئے جائیں ، جبکہ ہاتھوں کے ہینڈل والے بیگ زیادہ فائدہ مند ہیں۔

(روزنامہ دنیا 11 دسمبر 2013ء)

### فنگر پرنٹ ، ملزمان کی گرفتاری کا مستند طریقہ کیوں ہے؟

فنگر پرنٹ یا نشان انگشت کو آج بھی ملزمان کو پکڑنے کا مستند ترین طریقہ سمجھا جاتا ہے، ایسا کیوں ہے؟ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ہمارے فنگر پرنٹ ایک دفعہ مٹنے کے بعد دوبارہ نمودار ہوجاتے ہیں۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے فنگر پرنٹس کی جڑیں ہماری جلد کے نیچے موجود تین تہوں تک پہنچتی ہیں۔یہی وجہ ہے کہ فنگر پرنٹ مجرم کی گرفتاری کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔اگر جلد کو نقصان پہنچے یا کسی طور یہ جل جائے تو پھر فنگر پرنٹ ثبت نہیں ہوتے۔عموماً مستریوں یا اینٹوں کے کام کرنے والوں کے فنگر پرنٹس مٹتے رہتے ہیں لیکن جیسے ہی وہ کام چھوڑیں تو ان کے ہاتھ پر مستقل نشان ثبت ہوجاتے ہیں۔

(روزنامہ دنیا 10 دسمبر 2013ء)

### سعودی جینیاتی تحقیق کا منصوبہ

سعودی عرب میں ایک نیا منصوبہ شروع کیا گیا ہے جس کے تحت تقریباً ایک لاکھ افراد کا جینیاتی نقشہ تیار کیا جائے گا۔اس منصوبے میں ایسے جینز پر تحقیق کی جائے گی جو بیماریوں کا باعث بنتے ہیں جس سے پیدائش اور شادی سے پہلے کسی بھی فرد کی سکریننگ کی راہ ہموار ہوگی اور معلوم ہو سکے گا کہ جن افراد کی سکریننگ کی گئی ہے انہیں کوئی بیماری لاحق تو نہیں یا بیمار ہونے کا اندیشہ تو نہیں۔اس میں ایک ڈی این اے ڈیٹا بیس بنایا جائے گا تا کہ مختلف بیماریوں کے علاج کے لئے مخصوص ادویات تیار کی جاسکیں۔

(روزنامہ دنیا 10 دسمبر 2013ء)

### قطب جنوبی سرد ترین ،صحرائے لوط گرم ترین مقام قرار

تحقیق دانوں کا کہنا ہے کہ سیٹلائٹ کے ذریعے کرہ ارض پر سب سے ٹھنڈی جگہ کا تعین کرلیا گیا ہے اور اس جگہ درجہ حرارت منفی 93.2 ڈگری سینٹی گریڈ ہے۔یہ جگہ قطب جنوبی کے وسط میں واقع ہے۔ یہ درجہ حرارت 10 /اگست 2010ء کو ریکارڈ کیا گیا تھا۔محققین کا کہنا ہے کہ یہ درجہ حرارت غیر حتمی ہے اور جب تمام ڈیٹا کو اکٹھا کیا جائے گا تو عین ممکن ہے کہ اس جگہ کا درجہ حرارت ایک ڈگری مزید کم ہو۔ گرم ترین جگہ ایران کے جنوب مشرقی علاقے میں صحرائے لوط ہے۔ جہاں کا درجہ حرارت 2005ء میں 70.7 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچا تھا۔ تحقیق دانوں کا کہنا ہے کہ نظام شمسی کا سب سے ٹھنڈا علاقہ تو کہیں دور دراز سیاروں کے درمیان ہوگا۔

(روزنامہ دنیا 11 دسمبر 2013ء)

### پارکنگ میں تیرتے کار پارک بنانے کی منصوبہ بندی

ترکی کی حکومت نے دارالحکومت استنبول میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے دباؤ اور پارکنگ مسائل میں کمی کے لئے پانی پر تیرنے والے کار پارک بنانے کی منصوبہ بندی کی ہے۔اس مقصد کے لئے کٹھارہ اور ناقابل استعمال کشتیوں کو استعمال میں لایا جائے گا، جن کو جوڑ کر کئی منزلہ کار پارکس بنائے جائیں گے۔ان پارکوں میں کیفے ٹیریاز اور تفریح کے دیگر مواقع بھی فراہم ہوں گے۔

(روزنامہ دنیا 11 دسمبر 2013ء)

### چھپکلیوں کی چار اقسام دریافت

امریکہ میں سائنس دانوں نے چھپکلیوں کی چار ایسی اقسام دریافت کی ہیں جو ٹانگوں سے محروم ہیں ۔سانپ سے مشابہت رکھنے والی یہ چھپکلیاں ریت اور مٹی میں سوراخ بنا کر اکیلے رہنا پسند کرتی ہیں جس کے باعث یہ سمجھا جاتا تھا کہ بنا ٹانگوں کے چھپکلی کی صرف ایک ہی قسم موجود ہے مگر کئی سالوں پر محیط یونیورسٹی آف کیلی فورنیا کی تحقیق نے تمام پرانے مفروضوں کو غلط ثابت کر دیا ہے ۔ نئی دریافت ہونے والی چھپکلیاں لاس اینجلس ایئر پورٹ کے رن وے،موجیو صحرا کے کونے اور سان جوقیون وادی سے ملی ہیں۔

(روزنامہ دنیا 24 ستمبر 2013ء)

### نزلہ اور زکام سے تحفظ فراہم کرنے والی ویکسین

سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ انہوں نے ایک ایسی ویکسین بنانے میں اہم پیشرفت کی ہے جو ہر قسم کے فلو،نزلہ اور زکام سے تحفظ فراہم کرے گی۔فلو کی وبا کی مختلف اقسام سامنے آتی رہتی ہیں جس کی وجہ سے ہر سال اس کے لئے نئی ویکسینز بنانا پڑتی ہیں۔ امپیریل کالج لندن کی ایک ٹیم کا کہنا ہے کہ انہوں نے ہر قسم کے فلو سے تحفظ فراہم کرنے والی ویکسین کا ''بلیو پرنٹ'' تیار کرلیا ہے۔فلو جسم میں موجود وائرس کی سطح سے نکلنے والی پروٹین کو تیزی سے متاثر کرتا ہے جس سے اس کی شکل بدل جاتی ہے اور مدافعتی نظام اسے پہچان نہیں سکتا ، تاہم وائرس کے اندر کا مواد فلو کی تمام اقسام میں تقریباً ایک جیسا ہوتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ وائرس کے اندرونی حصے کو ہدف بنایا جائے تو ایک ایسی ویکسین تیار کی جاسکتی ہے جو ہر قسم کے فلو کا مقابلہ کرسکتی ہے۔انسان کے مدافعتی نظام کا ایک مخصوص حصہ اس وائرس کے اندرونی حصے میں موجود پروٹینز کو پہچان سکتا ہے۔تحقیق سے پتہ چلا کہ ایک مریض میں ٹی سیلز کی مقدار جتنی زیادہ ہوگی اس میں فلو کی علامات اتنی ہی کم ہوں گی۔

(روزنامہ دنیا 24 ستمبر 2013ء)

### کلورائیڈز کا ہائی بلڈ پریشر میں کردار

نمک میں موجود سوڈیم کو بڑے پیمانے پر ہائی بلڈ پریشر کے لئے ایک خطرناک عنصر تسلیم کیا جاتا ہے تاہم اس مرکب میں موجود دیگر کلورائیڈز بھی فشار خون بلند کرنے میں کردار ادا کر سکتے ہیں، گلاسگو یونیورسٹی میں ہونے والی تحقیق میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ہائی بلڈ پریشر میں کلورائیڈز کے کردار پر سائنسدان بہت کم توجہ دیتے آئے ہیں، جبکہ 35 سال کے دوران ہائی بلڈ پریشر کے تقریباً 13 ہزار مریضوں کے اعداد و شمار کا تجزیہ یہ بتاتا ہے کہ کلورائیڈز کی کم سطح موت اور دل کی بیماری کے ساتھ منسلک ہے، محققین کا کہنا ہے کہ اس حوالہ سے کسی حتمی نتیجہ پر پہنچنے کے لئے مزید تحقیق کی ضرورت ہے تاہم کلورائیڈ کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

(روزنامہ دنیا 19 ستمبر 2013ء)

### وٹامن بی فالج سے بچاؤ میں مددگار

وٹامنز انسانی خوراک کا اہم حصہ ہیں اور ان کا استعمال صحت مند زندگی کے لئے انتہائی ضروری ہے کیونکہ ان کی مطلوبہ مقدار میں کمی کے سبب انسان مختلف بیماریوں میں مبتلا ہوسکتا ہے۔چین میں ہونے والی ایک طبی تحقیق میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ وٹامن بی کا مسلسل استعمال فالج سے بچاؤ میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے، تحقیق میں 55 ہزار افراد کا مشاہدہ کیا گیا جس سے یہ بات سامنے آئی کہ وٹامن بی والی اشیاء کے استعمال سے فالج جیسی خطرناک بیماری سے محفوظ رہا جاسکتا ہے اور اس بیماری کے لاحق ہونے کا خطرہ 7 فیصد تک کم ہوجاتا ہے۔

(روزنامہ دنیا 23 ستمبر 2013ء)

اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
F.R.S RABWAH
فیوچر ریس سکول ربوہ
یورپین طرز تعلیم ، کوئی ہوم ورک نہیں۔
نرسری تا ششم داخلے جاری ہیں۔
تمام کلاسز میں داخلے جاری ہیں
گرلز کیلئے ہفتم اور ہشتم کے داخلے جاری ہیں
دارالصدر شرقی عقب فضل عمر ہسپتال ربوہ
فون: 047-6213194 موبائل 0332-7057097

### ربوہ میں طلوع وغروب 17۔مارچ

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:55 |
| طلوع آفتاب | 6:15 |
| زوال آفتاب | 12:17 |
| غروب آفتاب | 6:20 |

### ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

**17 مارچ 2014ء**

| | |
|---|---|
| 2:15 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 14 مارچ 2014ء |
| 3:30 am | سوال و جواب |
| 6:05 am | بستان وقف نو |
| 7:35 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 14 مارچ 2014ء |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 12:00 pm | Beverly Hills یو ایس اے میں استقبالیہ 11 مئی 2013ء |
| 4:00 pm | جلسہ سالانہ قادیان 2013ء |
| 6:05 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 23 مئی 2008ء |
| 8:00 pm | تقاریر جلسہ سالانہ |
| 9:05 pm | راہ ہدیٰ |
| 11:25 pm | Beverly Hills میں استقبالیہ |

کمر درد کیپسول
کمر درد کی مفید دوا
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
PH:047-6212434-6211434

کمرشل رقبہ برائے فوری فروخت
کمرشل پلاٹ 10 کنال برلب سڑک سرگودھا روڈ نزد جوس فیکٹری (اڈہ احمد نگر) برائے فروخت
رابطہ: 0019059216776,03326213467

دکانیں کرایہ کیلئے خالی ہیں
ربوہ میں چند نہایت باموقع دکانیں کرایہ کے لئے خالی ہیں
محمد احمد طاہر اقصیٰ چوک ربوہ :0300-7704339

وردہ فیبرکس گرمیوں کا تحفہ
لان شرٹ پیس صرف -/220 روپے میں حاصل کریں
چیمہ مارکیٹ بالمقابل الائیڈ بینک اقصیٰ روڈ ربوہ
0333-6711362

FR-10